مِفتاحُ العَرَبِيَّة

پہلا حصّہ

تالیف

نورِ عالم خلیل امینی



مکتبہ دار العلوم دیوبند

مِفْتَاحُ الْعَرَبِيَّةِ

پہلا حصہ

تألیف

نورعالم خلیل امینی

استاذ ادب عربی، دارالعلوم دیوبند

MAHBOOB BOOK DEPOT
51, Russel Market, Shivajinagar
Opp. Russel Market Bangalore-51 Ph 2,857138 5110510

ناشر

مکتبہ دارالعلوم دیوبند

طبع اوّل شعبان ۱۴۱۸ھ = دسمبر ۱۹۹۷ء

حسبِ ہدایت : حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی
مہتمم دار العلوم دیوبند

نام کتاب : مفتاح العربیہ، حصہ اوّل
تالیف : نور عالم خلیل امینی استاذ دار العلوم دیوبند
ناشر : مکتبہ دار العلوم دیوبند
کمپیوٹر کتابت : نواز پبلی کیشنز دیوبند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین،والصّلاۃ والسلام علی أفصح العرب أجمعین: سیدنا ومولانا ونبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ الغرالمیامین، وعلی من تبعھم باحسان إلی یوم الدین.أمابعد:

عربی زبان حقیقتِ اسلام کا جزو لاینفک ہے۔ یہ آخری کتابِ الٰہی کی زبان، دعوتِ اسلامی کی شارح، شریعتِ اسلامی کا ظرف، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ، رب العالمین کی پسندیدہ زبان اور فہم کتاب وسنت کی کلید ہے۔

اسلام کی پوری تاریخ میں علمائے اسلام نے عربی زبان کی اس کلیدی حیثیت کا کماحقہ احساس کیاہے اور مقدس زبان کی حیثیت سے اس کی مثالی اور ہمہ جہت خدمتوں کے ذریعے سعادت دارین حاصل کی ہے۔ اس کی صرف، ونحو، ایجاز واعجاز، بلاغت ومعانی، شعروادب اور اس کی نثری وشعری اقسام پر لازوال، بے مثال اور لاتعداد کتابیں لکھی ہیں۔ اِس سلسلے میں فکر وفن کا کوئی گوشہ نہیں جسے علمائے اسلام نے تشنہ چھوڑ دیاہو۔ ہر زمانے میں، ہر زبان میں اور دنیا کے ہر علاقے میں اس کے پڑھنے، پڑھانے، سمجھنے، سمجھانے، اس کو پھیلانے اور اس کے رقبے کو وسیع تر کرنے کی سعادت مندانہ کوشش کی گئی ہے۔

کیوں کہ اس زبان میں دسترس حاصل کیے بغیر کتاب اللہ، سنت رسول اللہ، احکام الٰہی اور شریعتِ اسلامی کو سمجھنا ممکن نہیں۔

اِسی لیے دارالعلوم دیوبند نے (جو اِس دیار میں سرمایۂ ملت کی نگہبانی کے لیے اُس وقت معرضِ وجود میں آیا جب اسلامی وجود یہاں مکمل طور پر خطروں میں گھر گیا تھا) شروع ہی سے اِس زبان پر اِس کی اسلامی اور شرعی حیثیت کے مطابق توجہ دی۔ عربی ادب، زبان، شاعری، بلاغت ومعانی اور صرف نحو کی جو مہارت وبصیرت یہاں کے فضلاء گرامی کا امتیاز رہی ہے وہ ایک مسلمہ امر ہے؛ چناں چہ کتاب اللہ وسنت رسول اللہ کی گرہ کشائی بھی علمائے دیوبند کا امتیاز رہی ہے۔

زمانے کی رفتار کے ساتھ ساتھ فکر ونظر کا سانچہ اور سوچنے سمجھنے کا معیار بھی بدلتا رہتا ہے، اِسی لیے ہر زمانے میں علم وفن کی تعلیم کا طریقہ اور اس پر تصنیف کردہ کتابوں کا منہاج اس زمانے کے ذہن کو سامنے رکھ کر ڈھالا جاتا رہا ہے۔

یہ دور سہولت پسندی کا دور ہے، مادی ترقی کی تیز رفتاری نے ذہن وفکر کو جلد باز اور سہل انگار بنادیا ہے، اِس لیے جہاں دیگر ضروری علوم وفنون پر نئے طرز پر اور جدید ذہن کو سامنے رکھ کر

دری کتابوں کو از سرِ نو ترتیب دینے کی کوشش کی جارہی ہے وہیں قدرتی طور پر عربی زبان وادب کی تعلیم کے سلسلے میں بھی اس طرف توجہ دی جانے لگی ہے۔

مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند کے ارکان گرامی نے ابھی دو تین سال پہلے دارالعلوم کے نصاب تعلیم پر ارباب حل وعقد کو نظر ثانی کی دعوت دی تو دارالعلوم دیوبند کے عالی حوصلہ مہتمم مروج صالح ومخلص حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی نے متعدد علم وفن پر نئے رسالوں اور کتابوں کی ترتیب کی ذمہ داری دارالعلوم کے متعدد اساتذہ کے سپرد کی۔ عربی زبان کی تعلیم کے حوالے سے اولیں مرحلے کے لیے بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ایک آسان طرز کی نصابی کتاب مرتب کرنے کی ذمہ داری سے حضرت مدظلہ نے راقم الحروف کو سرفراز کیا۔ زیر نظر کتاب اسی حکم کی تعمیل میں ترتیب دی گئی ہے۔

خدائے بزرگ وبرتر سے دعاء ہے کہ وہ اس کتاب کو اپنے مقصد میں کامیاب بنائے، اس کو عربی زبان کے مزید چلن کا ذریعہ بنائے اور اپنے لطف خاص سے اس کو اپنی رضامندی کا وسیلہ اور ان تمام حضرات گرامی کے لیے ترقی درجات کا واسطہ بنائے جو اس حقیر کاوش کے ظہور پذیر ہونے کا کسی نہ کسی طرح سبب بنے ہیں اور جن کا اس کتاب کے حوالے سے کسی طرح کا تعاون یا توجہ اس ناچیز کے شامل حال رہی ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى وَسَلَّمَ وَبَارَكَ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

نورعالم خلیل امینی

استاذ ادب عربی

وریس تحریر مجلہ "الداعی"

دارالعلوم دیوبند یوپی

چہارشنبہ: ۱۵/۵/۱۴۱۸ھ

۱۷/۹/۱۹۹۷ء

تعلیمی ہدایات

① اس پہلے جزو میں صرف جملۂ اسمیہ پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اردو سے عربی ترجمے میں جہاں آپ کو (نبیل کلکتے جارہا ہے) اور (سعاد دہلی سے آرہی ہے) جیسے جملے نظر آئیں وہ سابقہ سبق کی روشنی میں دیے گئے ہوں گے اور یقیناً ان میں اسم فاعل ہی استعمال ہوں گے یعنی "نَبِیْلٌ مُسَافِرٌ اِلَی کَالْکُوْتَا" "وسُعَادُ قَادِمَةٌ مِنْ دِهْلِی" لہٰذا اساتذہ حضرات طلبہ کو اسم فاعل ہی استعمال کرائیں، فعل استعمال نہ کرائیں۔

② اس جزو میں تثنیہ اور جمع کم سے کم استعمال کیا گیا ہے۔ وہ بھی اس لیے کہ طلبہ کچھ نہ کچھ مانوس ہو جائیں۔ لہٰذا مشق وغیرہ میں بھی اس کا لحاظ رکھا جائے۔

③ چوں کہ یہ ابتدائی مرحلے کی کتاب ہے اس لیے نحوی و صرفی اصطلاحات و قواعد سے حتی الامکان گریز کیا گیا ہے۔ اساتذۂ کرام بھی اس مرحلے میں طلبہ پر ان اصطلاحات کا بار نہ ڈالیں۔

④ مضاف - مضاف الیہ اور موصوف - صفت جیسی بعض ترکیبیں اس حصے میں بھی ضرورت کی حد تک استعمال کی گئی ہیں؛ لیکن انھیں نوخیز طلبہ کے ذہن سے کس طرح قریب کیا جائے؟ اس بات کی طرف اپنے اپنے موقع پر حاشیے میں اشارہ کر دیا گیا ہے۔

⑤ قلمٌ، دواةٌ، کتابٌ بغیر "ال" کا ترجمہ کوئی قلم، کوئی دوات، کوئی کتاب یا ایک قلم، ایک دوات اور ایک کتاب سے کرانا چاہیے۔ جب کہ القلمُ، الدواةُ، الکتابُ کا ترجمہ قلم، دوات اور کتاب سے کرانا چاہیے۔ "ال" اور بغیر "ال" والے الفاظ، کس طرح پڑھے جائیں؟ طلبہ کو بتانے کے لیے حاشیے پر ہدایت موجود ہے۔

⑥ اس مرحلے کے طلبہ کو یہ ضرور بتایا جائے کہ عربی زبان میں جزم اس طرح ہے "ـْ" جیسے (الکتابُ) میں (لْ) پر اور زبر تشدید کے اوپر آتا ہے جیسے (اِنَّ) اور زیر تشدید کے نیچے آتا ہے جیسے (الدِّیْنُ)

⑦ هٰذا الکتاب (یہ کتاب) اور هٰذا کتابٌ (یہ کتاب ہے) پہلی ترکیب میں طلبہ کو بتایا جائے کہ نامکمل بات کہنی ہو تو اس شکل میں ادا کریں گے اور دوسری ترکیب میں بتایا جائے کہ مکمل بات کہنی ہو تو اس طرح ادا کریں گے۔ مرکب مفید، مرکب غیر مفید، جملہ، کلام اور مرکب تام وغیرہ کی گراں بار اصطلاحیں استعمال نہ کی جائیں۔

⑧ هٰـذا (یہ) ایک لفظ ہے اور کتابٌ (ایک کتاب، کوئی کتاب) دوسرا لفظ ہے۔ اردو

میں (یہ ایک کتاب ہے) کہنا ہو تو (یہ) اور (ایک کتاب) دونوں کو جوڑنے کے لیے (ہے) کا لفظ لگانا پڑتا ہے؛ لیکن عربی میں (ہے) کے لیے کوئی لفظ نہیں ہے۔ ھٰذا کو کتابٌ کے ساتھ جوڑ دینے سے (ہے) از خود پیدا ہو جاتا ہے۔ اس طرح کی ہر مکمل بات میں (ہے) کا معنی عربی میں از خود ادا ہو جائے گا، الگ سے کسی لفظ کی ضرورت نہیں ہوگی۔ طلبہ کو اسی سادہ انداز میں یہ بات سمجھا دی جائے۔

⑨ اس حصے میں کہیں کہیں غیر منصرف کے الفاظ بھی آئے ہیں، اس مرحلے کے بچے ان کی خواندگی میں غلطی کر سکتے ہیں، اس لیے ان پر اعراب لکھنے کی پابندی کی گئی ہے۔ ان کو غیر منصرف اور منصرف کی طولانی بحث اس منزل میں نہ بتائی جائے؛ بلکہ انھیں یہ کہا جائے کہ جس طرح لکھا ہے اسی طرح پڑھیے اور لکھیے۔

⑩ بعض الفاظ پر جزوی یا کلی طور پر اعراب نہیں لگایا گیا ہے، کیوں کہ وہ اپنی موجودہ شکل میں کئی بار گزر چکے ہیں۔ ان کو طلبہ از خود پڑھیں گے تاکہ بلا اعراب الفاظ و عبارت کو ادا کرنے کے تدریجاً عادی بن سکیں۔

⑪ مشق پر بطور خاص توجہ دی جائے، کسی زبان کو سکھانے کا واحد ذریعہ کثرتِ مشق ہے۔ الفاظ اور عبارت کی ساخت اور شناخت مشق ہی کے ذریعے ذہن نشیں ہوتی ہیں۔


⑫ آخری بات یہ کہ عبارت کی خواندگی اور عبارت نویسی: دونوں باتوں پر بہت زیادہ توجہ دی جائے۔ طلبہ کو مکلّف کیا جائے کہ وہ عبارت کو صحّتِ تلفظ کے ساتھ بار بار پڑھیں اور صحتِ اِملا کے ساتھ اپنی کاپیوں میں اُسے کثرت سے لکھیں۔ ابتدائی مرحلے میں زبان آموزی کے حوالے سے پڑھنے اور لکھنے کی بڑی اہمیت ہے۔ یہ بات ہمیشہ ذہن میں رہنی چاہیے کہ الفاظ و عبارت کی مطلوبہ مقدار میں خواندگی اور اِملا نویسی کے بغیر ان کا ترجمہ بتا دینے سے زبان سکھانے کا عمل کبھی بار آور نہیں ہوتا۔

(المؤلف)

بسم الله الرحمن الرحيم


الدَّرْسُ الأَوَّلُ


هٰذا	قَلَمٌ
هٰذِهِ	دَوَاةٌ
ذٰلِكَ	كِتَابٌ
تِلْكَ	مَدْرَسَةٌ



هٰذَا	مَكْتَبٌ	هٰذِهِ	سَبُّوْرَةٌ
ذٰلِكَ	دَفْتَرٌ	تِلْكَ	مِحْبَرَةٌ


هٰذَا	شُبَّاكٌ
هٰذِهِ	نَافِذَةٌ
ذٰلِكَ	بَابٌ





تِلْكَ	مِمْحَاةٌ
هٰذا	سَالِمٌ
هٰذِهِ	آمِنَةُ


یہاں طلبہ کو یہ بتایا جائے کہ جس لفظ کے آخر میں "ة" ہو اس کے لیے (هٰذه) اور (تلك) استعمال ہوتا ہے۔



ذٰلِكَ نَبِيلٌ

تِلْكَ فَاطِمَةُ

ذٰلِكَ وَرَقٌ




تِلْكَ حَقِيبَةٌ

ذٰلِكَ طَبْشُورٌ

تِلْكَ حَدِيقَةٌ

مشق

﴿الف﴾ مندرجۂ ذیل الفاظ پر حسب ضرورت هٰذا، هٰذه، ذلك اور تلك لگا کر جملے بنائیے اور اپنی کاپی پر مکمل شکل میں لکھیے:



رُوبِيَةٌ سَاعَةٌ


مَكْتَبَةٌ مَدْرَسَةٌ


رَجُلٌ اِمْرَأَةٌ

طَالِبٌ تِلْمِيذٌ

تِلْمِيذَةٌ طَالِبَةٌ

مُدَرِّسٌ، مُعَلِّمٌ، مُدَرِّسَةٌ، مُعَلِّمَةٌ جیسے الفاظ میں تشدید کے نیچے زیر لکھا گیا ہے۔ بچوں کو سمجھا دیا جائے کہ زبر تشدید کے اوپر آتا ہے "ـّـَ" اور زیر تشدید کے نیچے آتا ہے "ـّـِ"۔





مُدَرِّسٌ　　مُعَلِّمٌ

مُدَرِّسَةٌ　　مُعَلِّمَةٌ

أُسْتَاذٌ　　أُسْتَاذَةٌ

مُصْحَفٌ　　مَنْزِلٌ

جَامِعَةٌ　　سَائِقٌ

مَطَارٌ　　مَحَطَّةٌ　　مَوْقِفٌ

﴿ب﴾ عربی میں ترجمہ کیجیے:

یہ کھیل گاہ ہے　　یہ تفریح گاہ ہے

وہ راستہ ہے　　وہ استاذ ہے

یہ ہسپتال ہے　　وہ مطب ہے

یہ دواخانہ ہے　　وہ ڈاکٹرنی ہے

یہ رجسٹر ہے　　وہ ڈرائیور ہے

الدَّرْسُ الثَّانِي

أَنَا سَالِمٌ أَنَا فَرِيْدَةُ

نَحْنُ سَالِمٌ وَمُحَمَّدٌ نَحْنُ آمِنَةُ وَرُقَيَّةُ

نَحْنُ سَالِمٌ وَمُحَمَّدٌ وإِسْمَاعِيْلُ

نَحْنُ عَائِشَةُ وَفَاطِمَةُ وَنَبِيْلَةُ

أَنْتَ إِبْرَاهِيْمُ أَنْتِ سُمَيْرَةُ

أَنْتُمَا نَبِيْلٌ وَفَرِيْدٌ أَنْتُمَا سُعَادُ وَسُمَيْرَةُ

أَنْتُمْ نَبِيْلٌ وَفَرِيْدٌ وَكَرِيْمٌ

أَنْتُنَّ سُعَادُ وَسُمَيْرَةُ وَسَلْمَىٰ

هُوَ رَاشِدٌ هِيَ سَاجِدَةُ

هُمَا رَاشِدٌ وَأَحْمَدُ هُمَا رَاشِدَةُ وَنَبِيْلَةُ

هُمْ حَسَنٌ وَكَمَالٌ وَنَبِيْلٌ

هُنَّ كَرِيْمَةُ وَنَجِيْبَةُ وَفَرِيْدَةُ

اس سبق میں مبتدا بشکل ضمائر لایا گیا ہے۔ خبر کو صرف اسمائے اعلام (نام) رکھا گیا ہے؛ تاکہ بچوں کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ اگلے سبق میں خبر کو بشکل مشتقات استعمال کیا گیا ہے؛ کیوں کہ اس سبق میں بچے ضمائر کی شناخت: ان کے واحد، تثنیے اور جمع کی صورت کو سمجھ چکے ہوں گے۔

مشق

﴿الف﴾

عربی میں ترجمہ کیجیے:

ہم راشد اور نبیل ہیں	تم صفیہ ہو
میں خالدہ ہوں	تم راشد اور سلمی ہو
وہ عقیلہ، ذکیہ اور فاطمہ ہیں	ہم رشیدہ، نبیل، شاذیہ اور محمد ہیں
وہ ساجد اور رابعہ ہیں	وہ نجمہ اور سہیل ہیں
تم زاہدہ، سمیہ، سلمی اور سعیدہ ہو	
تم حامد اور زبیر ہو	ہم صفیہ اور آمنہ ہیں

﴿ب﴾

سوال	جواب
هَلْ أَنْتَ خَالِدٌ؟	نَعَمْ، أَنَا خَالِدٌ
هَلْ أَنْتُمَا خَالِدٌ وَنَبِيْلٌ؟	لاَ، نَحْنُ زُبَيْرٌ وَجَابِرٌ
هَلْ هِيَ رَشِيْدَةُ؟	لاَ، هِيَ رَابِعَةُ
هَلْ أَنْتِ سَلْمَىٰ؟	نَعَمْ: أَنَا سَلْمَىٰ
هَلْ هُمَا سَعِيْدَةُ وَخَالِدٌ؟	نَعَمْ: هُمَا سَعِيْدَةُ وَخَالِدٌ
هَلْ أَنْتُمْ خَالِدٌ وَزُبَيْرٌ وَرَابِعَةُ؟	
لاَ، نَحْنُ رَاشِدٌ وَكَرِيْمٌ وَصَفِيَّةُ	

یہاں بچوں کو یہ بتادیا جائے کہ عورتوں کے نام پر تنوین نہیں آتی۔ صرف ایک پیش یا ایک زبر یا ایک زیر ہی آئے گا۔ جیسے رَاشِدَةُ، رَابِعَةُ، سَعِيْدَةُ، صَفِيَّةُ وغیرہ۔

هَلْ أَنْتُنّ خَالِدَةُ وصَفِيَّة وَنَبِيْلَةُ و رَاشِدَةُ ؟
نَعَمْ : نَحْنُ خَالِدَةُ وَصَفِيَّةُ و نَبِيْلَةُ و رَاشِدَةُ
هَلْ أَنْتُنَّ سَاجِدَةُ وَرَشِيْدَةُ وحَبِيْبَةُ وسُهَيْلٌ؟
نعم نَحْنُ سَاجِدَةُ وَرَشِيْدَةُ وحَبِيْبَةُ وسُهَيْلٌ

﴿ج﴾

سوال		جواب
مَن أَنْتَ؟	أَنَا	رَاشِدٌ
مَن أَنْتُمْ؟	نَحْنُ	فَرِيْدٌ وحَمِيْدٌ ورَشِيْدٌ
مَن أَنْتُنَّ؟	نَحْنُ	آمِنَةُ ورُقَيَّةُ وسَعِيْدَةُ
مَنْ أَنْتُمَا؟	نَحْنُ	خَالِدَةُ ورَابِعَةُ
مَنْ أَنْتُمَا؟	نَحْنُ	مَاجِدٌ ونَبِيْلٌ
مَنْ هُمَا؟	هُمَا	رَافِعٌ وزُبَيْرٌ
مَنْ هُمْ؟	هُمْ	رَاشِدٌ وجَابِرٌ وقَاسِمٌ
مَنْ هُنَّ؟	هُنَّ	رَابِعَةُ وخَدِيْجَةُ وفَرِيْدَةُ
مَنْ هُمَا؟	هُمَا	ذَكِيَّةُ وشَمِيْمَةُ
مَنْ أَنْتِ؟	أَنَا	رَاشِدَةُ

الدَّرْسُ الثَّالِثُ

أَنْتَ	مُدَرِّسٌ	أَنَا	طَالِبٌ
أَنَا	مُوَظَّفَةٌ	هُوَ	لاَعِبٌ
أَنْتِ	قَارِئَةٌ	هُمَا	تِلْمِيْذَانِ
هُمَا	تِلْمِيْذَتَانِ	هُمْ	مُجْتَهِدُوْنَ
أَنْتُمَا	مُسَافِرَانِ	نَحْنُ	تِلْمِيْذَتَانِ
أَنْتُنَّ	مُعَلِّمَاتٌ	أَنْتُمْ	طُلاَّبٌ
هُنَّ	طَبِيْبَاتٌ	نَحْنُ	أَطِبَّاءُ
نَحْنُ	فَلاَّحَانِ	نَحْنُ	مُمَرِّضَاتٌ

مشق

﴿الف﴾ نقطوں کی جگہ پر أَنْتَ، أَنْتِ، أَنْتُمَا الخ میں سے کوئی مناسب لفظ استعمال کیجئے:

....	طَبِيْبٌ	....	مُعَلِّمَانِ
....	مُعَلِّمَاتٌ	....	مُمَرِّضَةٌ
....	تِلْمِيْذَاتٌ	....	جَالِسَانِ
....	جَالِسَتَانِ	....	مُدَرِّسُوْنَ
....	قَارِئٌ	....	كَاتِبَانِ
....	كَاتِبُوْنَ	....	كَاتِبَاتٌ

﴿ب﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

میں مقرر ہوں	وہ والدہ ہیں
وہ تیماردار ہے	تم دونوں بیمار ہو
ہم سب نرس ہیں	تم سب ملازم ہو
وہ بچے ہیں	وہ بچیاں ہیں
ہم دونوں لڑکیاں ہیں	ہم سب بھائی ہیں
	وہ دونوں ماسٹر ہیں

﴿ج﴾ خالی جگہوں میں؛ بریکٹ میں دیے گئے الفاظ میں سے کوئی مناسب لفظ لکھیے:

سوال		جواب
مَنْ أَنْتَ؟	أَنَا...	(لاَعِبٌ،لاَعِبَانِ)
مَنْ أَنْتَ ؟	أَنَا...	(مُدَرِّسَةٌ،مُدَرِّسٌ)
مَنْ أَنْتُمَا ؟	نَحْنُ...	(كَاتِبَانِ، كَاتِبُوْنَ)
مَنْ أَنْتُمَا؟	نَحْنُ...	(مُمَرِّضَةٌ،مُمَرِّضَتَانِ)
مَنْ أَنْتُنَّ؟	نَحْنُ...	(طَبِيْبَتَانِ،طَبِيْبَاتٌ)
مَنْ أَنْتُمْ؟	نَحْنُ...	(مُعَلِّمُونَ، مُعَلِّمَانِ)

مَنْ هُوَ؟ هُوَ... (وَلَـدٌ، أَوْلاَدٌ)


مَنْ هِيَ؟ هِيَ... (بِنْتٌ، بِنْتَانِ)

مَنْ هُمَا؟ هُمَا... (أَخَـوَانِ، أَخٌ)


مَنْ هُمَا؟ هُمَا... (أُخْتٌ، أُخْتَانِ)

مَنْ هُمْ؟ هُمْ... (تَلاَمِيْـذُ، تِلْمِيْـذَانِ)

مَنْ هُنَّ؟ هُنَّ... (تِلْمِيْـذَتَانِ، تِلْمِيْذَاتٌ)



الدَّرْسُ الرَّابِعُ



دِيوْبَنْدُ	مَـدِيْنَةٌ	بَنْغَلاَدِيْشُ	دَوْلَةٌ
دِهْلِيْ	عَاصِمَةٌ	الْهِنْدُ	دَوْلَـةٌ
مَحْمُوْدٌ	جُنْـدِيٌّ	سُعَادُ	قَارِئَـةٌ
مُحَمَّدٌ	رَسُولٌ	عُمَرُ	صَحَـابِيٌّ
خَالِدٌ	طِفْـلٌ	نَبِيْلٌ	طَـالِبٌ
سَاجِدَةُ	بِنْـتٌ	رَشِيْدَةُ	لاَعِبَـةٌ
مُوْسَىٰ	نَبِـيٌّ	عَائِشَةُ	صَحَابِيَّةٌ
رَاشِدٌ	طَبِيْبٌ	سَلِيْمَةُ	صَائِمَةٌ

یہاں بچوں کو یہ بتایا جائے کہ غیر عربی ملکوں، شہروں اور دیہاتوں کے نام پر ایک زبر، یا ایک پیش آئے گا۔ ،دو زبر یا دو پیش نہیں آئیں گے۔ یعنی تنوین نہیں آئے گی۔ جیسے دِیوْبَنْدُ، بَنْغَلاَدِیْشُ، کَشْمِیْرُ.

كَشْمِيرُ جَمِيلَةٌ

هَمْلَايَا جَبَلٌ

اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ

الإِسْلَامُ دِيْنٌ



مشق

﴿الف﴾

باكستان....، النِّيْلُ....،

الطَّائِفُ....، التَّوْرَاةُ....،

زَيْنَب .....، فاطمة....،

عيسى....، عثمان(رضي الله عنه)....،

حامد....، حِرَاءُ....،

الدَّوْحَةُ....، قُرْطَبَةُ....،

أَبُوْحَنِيْفَةَ....، التِّرْمِذِيُّ....،

مُوْمَبَاي....،

﴿ب﴾

صحیح اور غلط جملے کی نشان دہی کیجئے :۔

مَكَّةُ دولةٌ	مَكَّةُ مدينةٌ
كراتشي مدينةٌ	كراتشي دولةٌ
صَفِيَّةُ صحابيةٌ	صفيةُ تابعيةٌ
ساجدٌ طَالِبَةٌ	ساجدٌ طَالِبٌ
كالكوتا شَجَرَةٌ	كالكوتا مدينةٌ
الصِّيْنُ دولةٌ	الصّين قَرْيَةٌ
الداعي مَجَلَّةٌ	الداعي مَدْرسةٌ
يوبى وِلَايَةٌ	يوبى مدينةٌ
الأُرْدُنُّ نَهرٌ	الأُرْدُنْ دولةٌ
الهند مدينةٌ	الهندُ سوقٌ

﴿ج﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

مظفر نگر ایک شہر ہے	تھانہ بھون ایک گاؤں ہے
گنگا ایک نہر ہے	نیپال ایک ملک ہے
مولانا اشرف علی تھانوی ایک عالم ہیں	مظاہر علوم ایک مدرسہ ہے
قاہرہ ایک دار السلطنت ہے	شاہ جہاں ایک بادشاہ ہے
شافعی ایک امام ہیں	مسلم ایک محدث ہیں
حذیفہ ایک صحابی ہیں	دار العلوم ایک مدرسہ ہے
تاج محل ایک مزار ہے	چاندنی چوک ایک بازار ہے

﴿و﴾

هَلْ هٰذَا قَلَمٌ؟	نَعَمْ : هٰذا قَلَمٌ
هَلْ هٰذِهِ دَوَاةٌ؟	نَعَمْ : هٰذِهِ دَوَاةٌ
هَلْ ذٰلِكَ قَلَمٌ؟	لاَ، ذٰلِكَ كِتَابٌ
هَلْ هٰذَا نَبِيْلٌ؟	لاَ، هٰذِهِ سَلْمٰى
هَلْ تِلْكَ مَدْرَسَةٌ؟	نَعَمْ : تِلْكَ مَدْرَسَةٌ
هَلْ هٰذَا مَكْتَبٌ؟	نَعَمْ : هٰذا مكتب
هَلْ تِلْكَ فَاطِمَةُ؟	نعم : تلك فاطمة
هَلْ تِلْكَ مَدْرَسَةٌ؟	لا، تِلْكَ حَدِيْقَةٌ
هَلْ ذٰلِكَ دَفْتَرٌ	نَعَمْ : ذٰلِكَ دَفْتَرٌ
هَلْ تِلْكَ حَقِيْبَةٌ؟	نعم : تلك حقيبة
هَلْ هٰذِهِ نَافِذَةٌ؟	نعم : هذه نافذة
هَلْ تِلْكَ فَاطِمَةُ؟	لا ، تِلْكَ سُعَادُ
هَلْ هٰذَا شُبَّاكٌ؟	نعم : هذا شبّاك
هَلْ تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ؟	لا، تلك مدرسة


یہاں بہتر ہے کہ مدرس جس چیز کے متعلق سوال کرے اس کی طرف اشارہ بھی کرے، تاکہ ان الفاظ کے معانی طلبہ کے ذہن میں اچھی طرح جاگزیں ہو جائیں۔ مدرس ایک آدھ مرتبہ طلبہ سے ازخود سوال کرے پھر طلبہ کو آپس میں سوال وجواب کا خوگر بنائے؛ اس طریقے سے زبان رواں ہو جائے گی، کبھی کسی چیز کو غلط بھی پوچھے تاکہ طلبہ کو رد کرنے کا طریقہ بھی معلوم ہو۔ مثلاً قلم کی طرف اشارہ کرکے پوچھے کہ **هل هذه دواة؟**

﴿ه﴾

مَا هٰـذَا؟	هٰـذَا قَـلَمٌ
ما هـذه؟	هـذه مزرعـةٌ
ما تـلك ؟	تـلك بِرْكَـةٌ
ما ذلـك ؟	ذلـك مسجـد
ما ذلـك ؟	ذلك منـزل
مَنْ هـذا؟	هـذا رجـل
من هـذه؟	هـذه امـرأةٌ
من هـذه؟	هـذه طالبـة
من ذلـك؟	ذلك معلم
ما تـلك؟	تلك مدرسـةٌ
من ذلـك ؟	ذلك سـائِـقٌ
من تـلك ؟	تلك أُسْتَـاذَةٌ


مدرس یہاں طلبہ کو سمجھادے کہ بے عقل چیزوں کو پوچھنے کے لیے "ما" آتا ہے جب کہ عقل والی چیزوں کو پوچھنے کے لیے "من" آتا ہے۔

الدَّرْسُ الْخَامِسُ



قَلَمٌ	الْقَلَمُ	دَرْسٌ	الدَّرْسُ
دَفْتَرٌ	الدَّفْتَرُ	فَصْلٌ	الْفَصْلُ
وَرَقٌ	الْوَرَقُ	بِطَاقَةٌ	الْبِطَاقَةُ
مِبْرَاةٌ	الْمِبْرَاةُ	مَكْتَبٌ	الْمَكْتَبُ
سِجِلٌّ	السِّجِلُّ	رِسَالَةٌ	الرِّسَالَةُ
سَبُّوْرَةٌ	السَّبُّوْرَةُ	بَيْتٌ	الْبَيْتُ

یہاں طالب علم کو دو باتیں بتائی جائیں ایک یہ کہ (قلمٌ) کے معنی (ایک قلم) (کوئی قلم)۔ (دفتر) کے معنی (ایک کاپی) (کوئی کاپی) کے ہیں جب کہ (القلم) کے معنی (قلم) اور (الدفتر) کے معنی (کاپی) کے ہیں: یعنی "ال" لگنے کے بعد "کوئی" اور "ایک" کی قید ترجمے سے ہٹ جائے گی۔ دوسرے یہ کہ جس پر "ال" نہ ہو تو اس پر تنوین (یعنی دو زبر، دو زیر اور دو پیش) آئے گی۔ اور جس لفظ پر "ال" ہو تو ایک زبر یا ایک زیر یا ایک پیش آئے گا۔



كِتَابٌ	الْكِتَابُ
لُعْبَةٌ	اللُّعْبَةُ
ظَرْفٌ	الظَّرْفُ
حُجْرَةٌ	الْحُجْرَةُ
أُسْتَاذٌ	الأُسْتَاذُ
حَدِيْقَةٌ	الْحَدِيْقَةُ


مشق


عربی میں ترجمہ کیجئے:

ایک سیب	سیب
کوئی گلاب	گلاب
ایک درخت	درخت
کوئی مذہب	مذہب
کوئی مسجد	مسجد
ایک مدرسہ	مدرسہ
ایک کھیت	کھیت
کوئی پیغمبر	پیغمبر
کوئی طالب علم	طالب علم
کوئی ٹیچر	ٹیچر
ایک ہوائی اڈہ	ہوائی اڈہ
ایک ڈرائیور	ڈرائیور
ایک کار	کار
کوئی بس	بس
کوئی ریل گاڑی	ریل گاڑی
کوئی اسٹیشن	اسٹیشن

الدَّرْسُ السَّادِسُ

الدفترُ	جميلٌ
المِبْرَاةُ	ثَمِيْنَةٌ
القلمُ	هِنديٌّ
القرانُ	كتابٌ
الكتابُ	نافعٌ
السبورةُ	جديدةٌ
السَّيَّارَة	سَرِيْعَة
المكتب	طويل
التُّفَّاحُ	لذيذ
الرِّسَالَة	سَارَّة







یہاں طلبہ کو یہ بتایا جائے کہ عربی کے چودہ حروف "حروف قمری" ہیں جو یہ ہیں أ،ب، ج، ح، خ، ع، غ، ف، ق، ك، ل، م، و، ه، ي۔ ان میں سے کسی حرف پر "ال" لگے گا تو "ال" کا تلفظ کیا جائے گا جیسے "مبراة" سے "المبراة" میں "ال" کا تلفظ کیا جارہا ہے اور باقی چودہ حروف "حروف شمسی" کہلاتے ہیں، وہ یہ ہیں: ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ل، ن:۔ ان پر "ال" آئے گا تو صرف "ا" کا تلفظ ہوگا "ل" کا تلفظ نہیں ہوگا جیسے "دفتر" سے "الدَّفْتَر" کیوں کہ "ا" کو "دال" کے ساتھ ملا کر پڑھا جارہا ہے اور "ل" کا الگ سے اظہار نہیں ہو رہا ہے بلکہ وہ "دال" میں مدغم ہو گیا ہے۔ حروف قمری اور حروف شمسی کو اس سبق کی باقی مثالوں سے بھی واضح کر دیا جائے۔

اللُّعْبَة	محبوبة
الوَرْدَةُ	حَمْرَاءُ
الحديقة	كبيرة
الأستاذ	عَطُوْف
الحَقْلُ	أَخْضَرُ
التلميذ	مُجْتَهِد
السائق	بَارِع
الحافلة	صَفْرَاءُ
السِّجِلُّ	صَغِيْرٌ
القطار	وَاقِف
المحطة	نَظِيْفَة
الشجرة	خَضْرَاءُ
المدرسة	قريبة
المسجد	بعيد
الحجرة	وَاسِعَةٌ
المطار	جَذَّاب







مشق

﴿الف﴾

بريكٹ میں دیے ہوئے الفاظ میں سے مناسب لفظ لگا کر جملے کو مکمل کیجئے :۔

الْمَطَـارُ ... (بَعِيْدٌ ، بَعِيْدَةٌ)

الْـوَرَقُ ... (أَبْيَضُ، أخْضَرُ)

الْحَقْـلُ ... (أصفرُ ، أخْضَرُ)

الـدَّرْسُ ... (سَهْلٌ ، صَعْبٌ)

الرَّجُـلُ ... (نَائِمٌ ، نَائِمَةٌ)

الـزَّهْرَةُ ... (مُتَفَتِّحٌ، مُتَفَتِّحَةٌ)

الْمَطَـرُ ... (نَازِلٌ ، نَازِلَةٌ)

الفَرَاشَـةُ ... (جَمِيْلٌ ، جَمِيْلَةٌ)

النَّافِـذَةُ ... (مَفْتُوْحَةٌ، مَفْتُوحٌ)

القِطَّـةُ ... (عَاقِلٌ ، عَاقِلَةٌ)

الطَّبِيْبُ ... (جمیل ، بارع)

المُمَرِّضَةُ ... (قَاسِيَةٌ ، لَيِّنَةٌ)

ب

عربی میں ترجمہ کیجئے:

میدان خوب صورت ہے

کھیل گاہ کشادہ ہے

درس گاہ دور ہے

پارک ہرا ہے

میز اچھی ہے

والد مہربان ہیں

ربڑ قیمتی ہے

بس تیز رفتار ہے

لڑکا مستعد ہے

مدرسہ بڑا ہے

قلم چھوٹا ہے

اسٹیشن قریب ہے

بس اڈہ صاف ستھرا ہے

کرسی نئی ہے

والدہ نرم دل ہیں

پنسل تراش سستا ہے

درخت لمبا ہے

لڑکی محنتی ہے

الدَّرْسُ السَّابِعُ



الْمَكْتَبُ عَلَى الْمَكْتَبِ


الْحَقِيْبَةُ فِي الْحَقِيْبَةِ

الشَّجَرَةُ عَلَى الشَّجَرَةِ

الْكُرْسِيُّ عَلَى الْكُرْسِيِّ

الْمَدْرَسَةُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ

الصَّفُّ مِنَ الصَّفِّ



السُّوْقُ إِلَى السُّوْقِ

الْمَسْجِدُ مِنَ الْمَسْجِدِ

التِّلْمِيْذُ لِـ التِّلْمِيْذِ (لِلتِّلْمِيْذِ)

الكِتَابُ لِـ الكِتَابِ (لِلكِتَابِ)


الْقَلَمُ بِـ الْقَلَمِ

یہاں طلبہ کو بتایا جائے کہ عَلَى، في، إِلَىٰ، مِنْ، ل اور ب جس لفظ پر آتے ہیں، اس کے آخر میں زیر آتا ہے۔ جیسے عَلَى المكتبِ اور في الحَقِيْبَةِ وغیرہ۔

مشق

﴿الف﴾

نیچے لکھے ہوئے اسماء پر (على، في، إلى، من، ل، ب،) داخل کر کے انھیں صحیح حرکتوں کے ساتھ لکھیے اور پڑھیے:



الطبيب ، المدرس ،

اللّٰه ، رسول ،

القرآن ، الإسلام ، المرسام

دين ، ولد ، طفلة ، الطالب ،

المحطة ، السيارة ، المطار ، الإنسان ،

الحيوان ، الغراب ، قلم ، دواة ،


ورق ، كتاب ، مدرسة ،

﴿ب﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

سڑک سے، گھر تک، کھیت میں، زمین پر، کتاب میں، اللہ کے لیے، نبی پر، زمین سے آسمان تک، ہندوستان سے پاکستان تک، چین میں، اردو میں، پڑھنے کے لیے، لکھنے کے لیے، جینے اور مرنے کے لیے، روشنی میں، روشنائی سے، ہاتھ سے پاؤں تک، میز پر، دوات میں۔

الدَّرْسُ الثَّامِنُ



الْكِتَابُ عَلَى الْمَكْتَبِ

الْمَكْتَبُ فِي الْفَصْلِ

الْقَلَمُ فِيْ الْحَقِيْبَةِ

الْحَقِيْبَةُ فِي الْيَدِ

الشَّجَرَةُ فِي الْغُرْفَةِ

هُوَ ذَاهِبٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ

رَشِيْدَةُ ذَاهِبَةٌ إِلَى السُّوقِ

التِّلْمِيْذَةُ ذَاهِبَةٌ إِلَى صَفٍّ

الْكِتَابُ لِلوَلَدِ

الْمَيْدَانُ لِلمَدْرَسَةِ

الْمَكْتَبَةُ فِي الْمَدْرَسَةِ

الْمَاءُ فِي الْحَوْضِ

الطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرَةِ

أَنَا خَارِجٌ مِنَ الصَفِّ

الرَّجُلُ قَادِمٌ مِنَ الْمَسْجِد

التِّلْمِيْذُ خَارِجٌ مِنْ صَفٍّ


الْغِلَافُ لِلْكِتَابِ

الْمَنَارَةُ لِلمَسْجِد

الْكِتَابُ لِلْمَكْتَبَةِ


السَّمَكُ فِي الْمَاءِ

الحَوْضُ فِي الْمَسْجِدِ



الْمَسْجِدُ فِي الْمَدِيْنَةِ

الزَّهْرَةُ فِي الْأَصِيْص



ٱلأَصِيْصُ عَلَى ٱلأَرْضِ

هُـــوَ كَاتِبٌ بِالْقَـــلَمِ

هِيَ كَاتِبَةٌ بِـ المِرْسَامِ

مشق

﴿الف﴾

أَيْنَ الْمَدْرَسَـــةُ؟	الْمَدْرَسَةُ فِي الْمَدِيْنَةِ
أَيْنَ الـــرِّيَاضُ؟	الرِّيَاضُ فِي السَّعُوْدِيَّةِ
أَيْنَ الْقَاهِـــرَةُ؟	الْقَاهِرَةُ فِي مِصْرَ
لِمَنْ الْحَمْـــدُ؟	الْحَمْـــدُ لِلّٰهِ
هَلِ الْمَنَارَةُ لِلْمَسْجِد؟	نَعَم: الْمَنَارَةُ لِلْمَسْجِدِ
هَلِ الْكِتَابُ للمكتبة؟	نعم: الْكِتَابُ لِلْمَكْتَبَةِ
أَيْنَ الْمُـــدَرِّسُ؟	الْمُدَرِّسُ فِي السَّيَّارَةِ
أَيْنَ السَّيَّـــارَةُ؟	السَّيَّارَةَ عَلَى الشارع
أَيْنَ السُّـــوْرَةُ ؟	السُّورَةُ فِيْ الْقُرْآنِ
مِنْ أَيْنَ أَنْتَ قَادِمٌ؟	أَنَا قَادِمٌ مِنْ الْمَلْعَبِ
مِن أَيْنَ هِيَ قَادِمَةٌ ؟	هِيَ قَادِمَةٌ مِنْ "كالكوتا"
إِلَىٰ أَيْنَ أَنْتِ ذَاهِبَةٌ؟	أنا ذَاهِبَةٌ إِلَىٰ "دهلي"
كَيْفَ الـزَّهْـــرَةُ؟	الزَّهْرَةُ مُتَفَتِّحَةٌ
بِأَيِ شَـيءٍ هُـوَ كَاتِبٌ؟	هُوَ كَاتِبٌ بِالْقَلَمِ

﴿ب﴾

نیچے لکھے ہوئے جوابات کے سوالات قائم کیجئے:

مَنْ فِي المكتبَة؟	في	المكتبة	طلاب
مَنْ في الفصل؟	في	الفصل	مدرس
في الأصيص؟	في	الأصيص	زهرة
... ...	في	العِيادَةِ	طبيب
... ...	في	الحقيقة	أوراق
... ...	في	المُسْتَشْفَىٰ	نبيل
... ...	في	الشَّرِكَة	مُحَاسِبٌ
... ...	في	المطعم	سعيد
... ...	في	البيت	عائشةُ
... ...	في	الْمَلْعَبِ	لاعِبُوْنَ
... ...	في	السيارة	أولاد
... ...	في	الحوض	سمك

﴿ج﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے:

رشید کہاں ہے؟ میز پر کیا ہے؟ کمرے میں کون ہے؟ میدان کس چیز کا ہے؟ کرسی کیسی ہے؟ تم کہاں سے آرہے ہو؟ حلیمہ کہاں جارہی ہے؟ کیا تم کلکتے سے آرہی ہو؟ نہیں: میں مدراس سے آرہی ہوں، کیا قرآن عربی میں ہے؟ طائف کہاں ہے؟ حوض کہاں ہے؟ کیا یہ منارہ مسجد کا ہے؟ کیا تم عراق سے آرہے ہو؟ ہاں: میں عراق سے آرہا ہوں، کیا طالب علم دہلی سے کراچی جارہا ہے؟ کیا معلّمہ ہوسٹل سے کلاس جارہی ہے؟ بیمار کہاں ہے؟ کیا نرس کلینک میں ہے؟ ڈاکٹر یہ ہے۔ کلینک وہ ہے۔

یہاں بچوں کو یاد دلایا جائے کہ انسان کے لیے (مَنْ) اور غیر انسان کے لیے (ما) آتا ہے۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ

كِتَابُهُ	كِتَابُهَا	كِتَابُكَ	كِتَابُكِ
	كِتَابِيْ	كِتَابُنَا	
اِسْمُهُ	اِسْمُهَا	اِسْمُكَ	اِسْمُكِ
	اِسْمِيْ	اِسْمُنَا	
رَبُّهُ	رَبُّهَا	رَبُّكَ	رَبُّكِ
	رَبِّيْ	رَبُّنَا	
هٰذَا	رَشِيْدٌ	وَذٰلِكَ	كِتَابُهُ
تِلْكَ	فَاطِمَةُ	وَذٰلِكَ	قَلَمُهَا
هٰذَا	تِلْمِيْذٌ	اِسْمُه	نَبِيْلٌ
أَنَا	رَجُلٌ	اِسْمِيْ	حَامِدٌ
هِيَ	تِلْمِيْذَةٌ	كِتَابُهَا	جَدِيْدٌ

یہاں غائب حاضر اور متکلم کی، ضمیر کو مضاف الیہ بنایا گیا ہے۔

رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُهُ هُوَ نَبِيُّنَا

هٰذِهِ اِمْرَأَةٌ هِيَ مُدَرِّسَةٌ اِسْمُهَا سُعَادُ

تِلْكَ فَتَاةٌ هِيَ مُمَرِّضَةٌ اِسْمُهَا نَسِيْمَةُ

هٰذَا رَجُلٌ هُوَ مُهَنْدِسٌ اِسْمُهُ سَعِيْدٌ

ذٰلِكَ شَابٌّ هُوَ سَائِقٌ اِسْمُهُ رَشِيْدٌ

أَنْتَ فَتًى أَنْتَ لاَعِبٌ اسْمُكَ كَرِيْمٌ

أَنْتِ بِنْتٌ أَنْتِ طَالِبَةٌ اسْمُكِ جَمِيْلَةُ

أَنَا وَلَدٌ أَنَا قَارِئٌ اِسْمِيْ خَالِدٌ

أَنَا وَأَنْتَ صَدِيْقَانِ نَحْنُ تِلْمِيْذَانِ اسْمُنَا حَامِدٌ وَمَحْمُوْدٌ

هٰذَا صَدِيْقِيْ، هُوَ قَادِمٌ مِنْ سَهَارَنْبُوْرَ

اسْمُهُ كَرِيْمٌ، ذٰلِكَ صَدِيْقُنَا

هُوَ مُسَافِرٌ إِلَى مَكَّةَ اِسْمُهُ سَعِيْدٌ

مشق

الف

مَنْ هٰذَا ؟	هٰذَا رَشِيْدٌ
مَا هذا ؟	هذا كتابُهُ
هل تلك فاطمةُ ؟	نعم:تلك فاطمةُ
هل ذلك كتابُهَا ؟	نعم: ذلك كتابُها
من هذا ؟	هذا تلميذٌ
مَا اسْمُهُ ؟	اسمُهُ نبيلٌ
من تلك ؟	تِلْكَ طَبِيْبَةٌ
مَا اِسمُها ؟	اسمُهَا حَلِيْمَةُ
منْ أنتَ ؟	أنَا رجلٌ
مَا اسمُكَ ؟	اسمي حامدٌ
هل هي تِلْمِيْذةٌ ؟	نعم : هي تلميذة
كيف كتابها ؟	كتابُها جديدٌ
هل قلمها جديدٌ ؟	لا، قلمُها قديمٌ


﴿ب﴾ نیچے لکھے ہوئے چاروں جملوں کی طرح دیگر جملوں میں قَادِمٌ، قَادِمَةٌ اور ذَاهِبٌ، ذَاهِبَةٌ میں سے کوئی لفظ لگا کر جملوں کو مکمل کیجئے: اپنی کاپی پر لکھیے اور پڑھیے:

أنا	قادمٌ	من	دهلي
أنتِ	قادمةٌ	مِنْ	الرِّيَاض
رشيدٌ	ذَاهبٌ	إلى	مُرَادْ آبَادَ
سعيدةُ	ذَاهَبةٌ	إلى	سهارنبورَ
هُوَ	....	....	...
هي	....	....	...
أنتَ	....	....	...
أنْتِ	....	...	....
الطبيبُ	....	....	....
التلميذةُ	....	....	....
سعيدٌ	....	....	...
سلمٰى	....	....	...

﴿ج﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے:

یہ سلمی ہے۔ کیا اس کی کتاب خوبصورت ہے؟ ہاں نبیل کی کاپی نئی ہے۔ ہمارا رب کون ہے؟ کیا محمد (ﷺ) ہمارے نبی ہیں؟ میرا نام حامد ہے۔ تمہارا کیا نام ہے؟ یہ کلاس کی کھڑکی ہے وہ اس کا دروازہ ہے۔ یہ درس گاہ کا تختۂ سیاہ ہے اور وہ اس کی گھڑی ہے۔ یہ ایک مرد ہے اس کا نام سعید ہے، وہ مدرس ہے۔ یہ اس کی میز ہے، وہ اس کا جوتا ہے، نبیل اور میں دوست ہیں۔ یہ ہمارا پارک ہے، وہ اس کے پھول ہیں، پھول کیسے ہیں؟ پھول کھلے ہوئے ہیں، یہ راشد ہے وہ اس کی بہن ہے۔ یہ لندن سے آئی ہے، یہ دیوبند جا رہی ہے، یہ کیا ہے؟ یہ میری قمیص ہے، وہ کیا ہے؟ وہ میری ٹوپی ہے۔ اور وہ کیا ہے؟ وہ میرا باغ ہے۔

الدَّرْسُ العَاشِرُ



أَنَا حَامِدٌ، أَنَا صَغِيْرٌ

هُوَ رَاشِدٌ هُوَ كَبِيْرٌ

حَامِدٌ أَصْغَرُ مِنْ رَاشِدٍ رَاشِدٌ أَكْبَرُ مِنْ حَامِدٍ

هٰذِهِ حَلِيْمَةُ هِيَ طَوِيْلَةٌ تِلْكَ رَشِيْدَةُ هِيَ قَصِيْرَةٌ

حَلِيْمَةُ أَطْوَلُ مِنْ رَشِيْدَةَ رَشِيْدَةُ أَقْصَرُ مِنْ حَلِيْمَةَ

هٰـذَا تُفَّاحٌ، هُوَ جَمِيْلٌ

ذٰلِكَ لَيْمُوْنٌ هُوَ جَمِيْلٌ أَيْضًا

التُّفَّاحُ أَجْمَلُ مِنَ اللَّيْمُوْنِ

اللَّيْمُوْنُ أَصْغَرُ مِنَ التُّفَّاحِ

اس سبق میں صفت اور اسم تفضیل کو استعمال کیا گیا ہے۔

مشق

﴿الف﴾

سوال			جواب
هَلْ	أنْتَ	(صَغِيْرٌ، صَغِيْرَةٌ)؟	نعم ...
هل	أنتِ	(كبيرٌ، كبيرةٌ)؟	نعم ...
هل	هو	(كبيرٌ، كبيرَةٌ)؟	نعم ...
هل	هي	(قصيرٌ، قصيرةٌ)؟	لا،هي.....
هل	نبيلٌ	(قصيرٌ، قصيرةٌ)؟	لا،هو...
هل	سَلْمَىٰ	(طويلةٌ، طويلٌ)؟	لا،هي...
هل	خَالِدٌ	(جَمِيْلةٌ، جَمِيْلٌ)؟	نعم ...
هل	سُعَادُ	(صغيرةٌ، صغيرٌ)؟	نعم ...

﴿ب﴾

جملوں کو مکمل کیجئے:

نبيلٌ	أطْوَلُ	مِنْ	رَشِيْدٍ
...	أجْمَلُ	...	...

...	أَسْمَنُ	...	...
...	أَهْزَلُ	...	...
...	أَقصَرُ	...	...
...	أَكْبَرُ	...	...
...	أَسْهَلُ	...	...
...	أَصْعَبُ	...	...

﴿ج﴾

عربی میں ترجمہ کرو:

یہ کتاب ہے یہ دوات سے بڑی ہے۔

وہ کوا ہے وہ بلی سے چھوٹا ہے۔

کیا تم اپنے بھائی سے بڑے ہو؟

یہ میرا بھائی ہے، یہ راشد سے چھوٹا ہے۔

یہ طوطا ہے یہ چھوٹا ہے۔

وہ کوا ہے وہ طوطے سے موٹا ہے۔ لیمو کھٹا ہے۔

سیب میٹھا ہے۔ بلی سپید ہے۔

کتا کالا ہے۔ ممبئی کلکتے سے بڑا ہے۔

کشمیر جموں سے خوب صورت ہے۔

تمہارا بھائی تم سے موٹا ہے۔

ہماری کتاب، رشیدہ کی کتاب سے عمدہ ہے۔

الـدَّرْسُ الْحَادِيَ عَشَرَ



هٰـــذَا كِتَـــابٌ


هـــذا الْكِتَابُ جميـــلٌ

في هـــذا الْكِتَـــاب

دَرْسٌ سَهْـــلٌ ورَسْمٌ جميلٌ

ما ذلك يَاخَالِـدُ؟ ذلك قَـلَـمٌ

ذلك الْقَلَمُ على المكتبِ،



هٰذا المكتبُ على الأرضِ

ماذا على الأرضِ أيْضًا؟

على الأرضِ سَبُّوْرَةٌ وكرسِي

هل هذه السبورةُ للفصلِ؟

نعم: هذه السبَّوْرةُ للفصلِ


لِمَنْ هذا الكرسِيُّ؟ هذا الكرسِيُّ لِلأُسْتَاذِ

لمن هذا الوَرَقُ؟ هذا الورقُ لِحَامِدٍ

هل هذا الورقُ أجْمَلُ مِنْ ذلك الورق؟

كِتَابُكَ يا رَشِيْدُ أجَوْدُ مِنْ هذا الدَّفْتَر

كيـــف البـــابُ؟



البابُ أَطْوَلُ من الشُّبَّاكِ

هَلِ الشُّبَّاكُ أَكْبَرُ من الفُتْحَةِ؟

نعم: هو أَكْبَرُ مِنْهَا

مشق

﴿الف﴾

ما هٰـذا؟ هـذا كتـابٌ

كيفَ هذا الكتابُ ؟ هذا الكتابُ جميلٌ

ما في هذا الكتابِ ؟ في هذا الكتابِ درسٌ ورسمٌ

كيفَ الدرسُ والرسمُ ؟ الدرسُ سهلٌ والرسمُ جميلٌ

هل ذلك قلـمٌ ؟ لا، ذلكَ دفترٌ

أينَ ذلك القلـمُ ؟ ذلك القلمُ على المكتبِ

أينَ هذا المكتبُ ؟ هذا المكْتَبُ على الأرْضِ

كيف هذا الـورقُ ؟ هذاالورقُ أجملُ من ذلك الورقِ

كيـف كتـابُـهُ ؟ كتابُهُ أَجْوَدُ مِنْ كتابها

هل البابُ أقصرُ من الشُّبَّاكِ ؟ لا، البابُ أَطْوَلُ مِنَ الشُّبَّاكِ

هل الفُتْحَةُ أَصْغَرُ من الشباك؟ نعم، الفُتْحَةُ أَصْغَرُ من الشباك

﴿ب﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے:

یہ تمہارا پارک ہے، وہ میرا پارک ہے۔ تمہارا پارک میرے پارک سے بڑا ہے۔ یہ سبق اس سبق سے آسان ہے۔ یہ پتے اس پتے سے زیادہ ہرے ہیں۔ اس پھول کا رنگ پیلا ہے۔ یہ درخت اس درخت سے لمبے ہیں۔ ہاں میری کتاب تمہاری کتاب سے زیادہ عمدہ ہے۔ گھڑی سائکل سے زیادہ قیمتی ہے۔ اس گھر میں پنکھا، میز، کرسی، بکس، گھڑی اور چھڑی ہے۔

الدَّرْسُ الثَّانِيْ عَشَرَ

السَّـــلاَمُ عَلَيْكَ وعَـلَيْكَ السَّـــلاَمُ

مَـــا اسْمُـــكَ؟ اسْـــمِيْ نَبِيْـــلٌ

مَـــا عَمَـــلُكَ؟ أَنَا طَالِبٌ فِيْ مَدْرَسَةٍ

مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟ أَنَـــا هِنْـــدِيٌّ

مَا عُمْرُ صَدِيْقِكَ؟ هُوَ فِيْ الْعِشْرِيْنَ

مِنْ أَيْنَ هُوَ؟ هُـــوَ سَعُـــودِيٌّ

مَـــا شُغْلُـــهُ؟ هُـــوَ مُحَـــاسِبٌ

أَيْنَ كِتَـــابُـــكَ؟ كتابي في الْحَقِيْبَةِ

هَلْ أنتَ ذَاهِبٌ إِلَى الْفَصْلِ؟

لاَ، أَنَا ذَاهِبٌ إِلَىٰ الْمَكْتَبَةِ

هَلِ الْمَكْتَبَةُ قَرِيْبَةٌ؟ نعم: هِيَ قَرِيْبَةٌ

وهَلِ الْمَكْتَبُ بَعِيْدٌ؟ لاَ، هُوَ أَقْرَبُ مِنَ الْمَكْتَبَة

مشق

﴿الف﴾

نیچے لکھی ہوئی مثالوں کی طرح باقی ناموں سے پہلے اور بعد میں مناسب الفاظ لکھ کر جملوں کو مکمل کیجئے اور اپنی کاپی پر لکھیے:

أَنَا أَحْمَدُ، أَنَا طَبِيْبٌ، أَنَا حِجَازِيٌّ، أَنَا فِي الأَرْبَعِيْنَ،

هُوَ خَالِدٌ، هُوَ مُدَرِّسٌ، هُوَ مِصْرِيٌّ، هُوَ فِي الْخَمْسِيْنَ،

هِيَ سُعَادُ، هِيَ مُمَرِّضَةٌ، هِيَ دِهْلَوِيَّةٌ، هِيَ فِي الثَّلَاثِيْنَ

... رَاشِدٌ، ...، ...، ...، ...،

...سَلْمٰى، ...، ...، ...، ...

... كَرِيْمٌ، ...، ...، ...، ...،

... نَبِيْلَةُ، ...، ...، ...، ...،

... سَالِمٌ، .....، ...، ...، ...،

...سَعِيْدَةُ، ...، ...، ...، ...،

﴿ب﴾

جواب دیجئے:

سوال	جواب
مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟	...
مِنْ أَيْنَ هُوَ؟	...
مِنْ أَيْنَ هِيَ؟	...
مِنْ أَيْنَ أَنْتِ؟	...
مِنْ أَيْنَ خَالِدٌ؟	...

مِنْ أَيْنَ رَابِعَةُ؟ ...
مَا عُمْرُكَ؟ ...
مَا عُمْرُكِ؟ ...
مَا عُمْرُهَا؟ ...
مَا عُمْرُهُ؟ ...
مَا عُمْرُ سَلْمَىٰ؟ ...
مَا عُمْرُ نَبِيْلٍ؟ ...
مَا عَمَلُكَ؟ ...
مَا عَمَلُكِ؟ ...
مَا عَمَلُهَا؟ ...
مَا عَمَلُ رَاشِدٍ؟ ...
مَا عَمَلُ سُعَادَ؟ ...

﴿ج﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

میں دہلی جارہا ہوں۔ کیا تم پٹنہ جارہی ہو؟ ہاں وہ اورنگ آباد جارہا ہے۔ میں لکھنؤ جارہی ہوں۔ لکھنؤ دہلی سے زیادہ دور ہے۔ سہارنپور دہلی سے زیادہ قریب ہے۔ سالم! تمہاری کیا عمر ہے؟ میں ساٹھ سال کا ہوں۔ میری بہن سعاد تیس سال کی ہے۔ سعاد کیا کرتی ہے؟ وہ مدرسہ کی طالبہ ہے۔ تم کیا کرتے ہو؟ میں ایک یونیورسٹی میں استاذ ہوں۔ دیوبند کہاں ہے؟ دیوبند ضلع سہارنپور میں ہے۔ دارالعلوم کہاں ہے؟ دارالعلوم شہر دیوبند میں ہے۔ کیا ضلع سہارنپور صوبہ یوپی میں ہے؟ دارالعلوم کیا ہے؟ دارالعلوم سب سے بڑا مدرسہ ہے۔ کیا مظفر نگر سہارنپور سے بڑا ہے؟ نہیں، مظفر نگر سہارنپور سے چھوٹا ہے اور دیوبند سے بڑا ہے۔

الدَّرْسُ الثَّالِثَ عَشَرَ

أيُّ دِيْنٍ حَـقٌّ ؟ الإسْـلاَمُ حَـقٌّ

أيُّ تِلْمِيْذٍ نَاجِحٌ ؟ هٰذا التِّلْمِيْذُ نَاجِحٌ

أيُّ شَهْرٍ هٰـذَا ؟ هٰذا شَهْرُ صَفَرٍ

أيُّ مَدِيْنَةٍ جَمِيْلَةٌ ؟ مُـوْمْبَـائِي جَمِيْـلَةٌ

مَتَىٰ اِمْتِحَـــانُكَ ؟ اِمْتِحَانِيْ بَعْدَ شَهرٍ

مَتَىٰ إِجَـــازَتُـكَ ؟ إِجَازَتِيْ فِيْ شَهْرِ شَعْبَانَ

أيُّ حَيَوَانٍ أَسْوَدُ ؟ الْجَامُـوْسُ أَسْـوَدُ

مَتَىٰ هُوَ قَـادِمٌ ؟ هُوَ قَادِمٌ الْيَوْمَ


أَهُوَ قَادِمٌ بَعْدَ الْغَدِ ؟ نَعَمْ: هُوَ قَادِمٌ بَعْدَ الْغَدِ

مَتَىٰ أَنْتَ مُسَافِرٌ إِلَى لاَهَوْرَ؟ أَنَا مُسَافِرٌ إِلَى لاَهَوْرَ قَبْلَ شَهْرٍ

أَهٰذَا الرَّجُلُ طَالِبٌ ؟ لاَ، هُـوَ تَاجِـرٌ

مِـنْ أَيْـنَ هُـوَ ؟ هُـــوَ يَـابَـانِيٌّ

مشق



﴿الف﴾ سوالوں کے جوابات دیجئے:

أيُّ ثَمرٍ حُلْوٌ؟ أيُّ حَيوَانٍ أبْيَضُ؟

أيُّ شَهْرٍ مُبَارك؟ أيُّ لَيْلَةٍ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ؟

أيُّ كتابٍ أَنْفَعُ مِنْ هٰذا الكتابِ؟


أيُّ مَدِيْنَةٍ أَقْرَبُ؟

أمُحَمَّدٌ نَبِيُّنَا؟أَهُوَ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهٗ؟ أأَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى الرِّيَاضِ؟ مَتَىٰ سُعَادُ قَادِمَةٌ مِنْ "اَللّٰه آباد"؟ إجَازتُكَ فِيْ هٰذا الشَّهْرِ؟ هَلْ خَالِدٌ مُسَافِرٌ لِلْحَجِّ بَعْدَ هٰذا الشَّهْرِ؟أَهُوَ رَاجِعٌ مِنَ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ قَبْلَ شَهْرٍ؟ هَلْ هِيَ ذَاهِبَةٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ سَاعَةٍ؟

﴿ب﴾ اردو میں ترجمہ کیجئے:


رشیدہ مظفر نگر کب جائے گی؟ سلمٰی کلکتے سے کب آئے گی؟ میں آج دہلی جارہا ہوں۔ وہ پرسوں مصر سے آرہی ہے۔ خالد کی چھٹی رمضان میں ہے۔ زاہدہ کی چھٹی شعبان میں ہے۔ میری بہن کی چھٹی ایک ماہ بعد ہے۔ خالدہ ایک گھنٹے بعد ڈاکٹر کے پاس جارہی ہے۔ یہ کونسا دن ہے؟ کیا یہ جمعہ کا دن ہے؟ کیا یہ چھٹی کا دن ہے؟ کونسا آدمی دبلا ہے؟ کیا تم ایک گھنٹے پہلے مدرسے جارہے ہو؟ ہاں میں اس گھنٹے کے بعد اسٹیشن جاؤں گا۔ اس کا دوست امریکا سے آج آرہا ہے۔ میرا بھائی لاہور سے شوال میں آئے گا۔ ہمارا امتحان رجب میں ہوگا۔ کیا یہ جاپانی تاجر ہے؟ کونسا طالب علم محنتی ہے؟ یہ طالب علم محنتی ہے۔ یہ کیا چیز ہے؟ یہ قینچی ہے۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعَ عَشَرَ



دار العلوم دیوبند

حَقِيْبَةٌ	تِلْمِيْذٌ	حَقِيْبَةُ	التِّلْمِيْذِ
نَافِذَةٌ	فَصْلٌ	نَافِذَةُ	الْفَصْلِ
صُوْرَةٌ	مَدْرَسَةٌ	صُوْرَةُ	الْمَدْرَسَةِ
قَلَمٌ	تِلْمِيْذَةٌ	قَلَمُ	التِّلْمِيْذَةِ
دَوَاةٌ	حِبْرٌ	دَوَاةُ	الْحِبْرِ
رَائِحَةٌ	زَهْرٌ	رَائِحَةُ	الزَّهْرِ
سَيَّارَةٌ	طَبِيْبٌ	سَيَّارَةُ	الطَّبِيْبِ

